**08.05.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........................ آسیہ میمونہ

**Music**

☆ حکومت نے آپریشن سِندور کے پیش نظر پارلیمنٹ میں سبھی پارٹیوں کی ایک میٹنگ کی ہے۔

☆ پاکستان نے ایک مرتبہ پھر کنٹرول لائن پر جنگ بندی کی خلاف ورزی کی ہے۔ بھارتی افواج نے اس کا معقول جواب دیا ہے۔

☆ آج صبح اتراکھنڈ کے اُترکاشی ضلع میں ہیلی کاپٹر کے ایک حادثے میں 6 عقیدتمند ہلاک ہوگئے ہیں۔

☆ بھارتی موسمیات محکمے نے آئندہ پانچ روز کے دوران ملک کے مشرقی، مغربی، وسطی اور شمال مشرقی حصوں میں ہلکی سے اوسط بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

☆ اور IPL ٹی-ٹوینٹی کرکٹ میں، آج شام دھرمشالہ میں پنجاب کنگس کا مقابلہ ڈیلی کیپٹلس سے ہوگا۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**GVOT ALL PARTY MEETING**

حکومت نے آج پارلیمنٹ میں آپریشن سِندور کے پیش نظر سبھی پارٹیوں کی ایک میٹنگ کی۔ اِس میٹنگ کی صدارت وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے کی اور آپریشن کے بارے میں مختلف سیاسی پارٹیوں کے رہنماؤں کو حکومت نے جانکاری فراہم کی۔ وزیر داخلہ امت شاہ، وزیر خارجہ ایس جے شنکر، BJP کے صدر جے پی نڈا، کانگریس صدر ملکا ارجن کھڑگے، کانگریس کے سینئر رہنما راہل گاندھی، سماج وادی پارٹی کے رہنما رام گوپال یادو، TMC کے لیڈر سدیپ بندھو اوپادھیائے، DMK لیڈر ٹی آر بالو، LJP کے لیڈر اور مرکزی وزیر چراغ پاسوان، اور دیگر سیاسی پارٹیوں کے رہنماؤں نے اس میٹنگ میں شرکت کی۔

پارٹی وابستگی سے قطع نظر سیاسی پارٹیوں کے سبھی لیڈران نے آپریشن سندور کی ستائش کی اور دہشت گردوں کے خلاف مسلح افواج کی کارروائی پر فخر کا اظہار کیا۔ اس سے قبل اپوزیشن نے پہلگام دہشت گردانہ حملے کے جواب میں حکومت کے کسی بھی اقدام کی حمایت کا اظہار کیا تھا۔

پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے میٹنگ کے بعد میڈیا کو تفصیل بتاتے ہوئے کہا کہ میٹنگ سود مند رہی اور ہر لیڈر نے موجودہ طور پر ملک کو درپیش اہم چیلنج کو تسلیم کرتے ہوئے ذمہ داری اور بردباری کا اظہار کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایسے نازک وقت میں سیاست کی کوئی جگہ نہیں ہے۔

اب ہم سبھی پارٹیوں کی میٹنگ کے سلسلے میں اپنے نامہ نگار دیپیندر سے بات کرتے ہیں۔

سوال : دیپیندر - سبھی پارٹیوں کی میٹنگ کے حوالے سے آپ کے پاس کیا تازہ معلومات ہے؟

جواب - دیپیندر ..................

دیپیندر، اس معلومات کیلئے آپ کا بہت بہت شکریہ۔×

## MEA-PAK FIRING

جموں و کشمیر میں پاکستان کی جانب سے سرحد پار سے کی جانے والی شدید گولہ باری میں 13 سویلین ہلاک اور 59 دیگر زخمی ہوگئے ہیں۔ وزارتِ خارجہ نے کہا ہے کہ یہ ہلاکتیں پونچھ میں ہوئی ہیں۔ کل رات بھارتی فوج نے جموں و کشمیر میں کنٹرول لائن سے متصل علاقوں میں پاکستانی فوج کی فائرنگ کا موثر طور پر جواب دیا۔ دفاع کے ذرائع نے بتایا ہے کہ پاکستانی فوج نے کپواڑہ ، بارہمولہ ، اُڑی اور اکھنور علاقوں میں چھوٹے ہتھیاروں سے بلا اشتعال فائرنگ کی، جس کا بھارتی فوج نے مناسب جواب دیا۔ کشیدگی میں اضافے کے پیشِ نظر حکام نے حکم دیا ہے کہ جموں خطے کے پانچ سرحدی اضلاع جموں ، کٹھوعہ ، سانبا ، راجوری اور پونچھ میں سبھی تعلیمی ادارے آج لگاتار دوسرے دن بھی بند رہیں گے۔ جموں ڈویژن میں انتظامیہ نے خطے کے سبھی 10 ضلعوں میں دن رات کام کرنے والے کنٹرول رومز بھی قائم کئے ہیں۔ پہلگام حملے کے بعد کشیدگی میں اضافے کے دوران پاکستان ، جموں و کشمیر کے سرحدی علاقوں میں 14 دن سے لگاتار رات میں فائرنگ کررہا ہے۔ x

## NSA-PM MEET

قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال نے آج نئی دلّی میں وزیرِ اعظم نریندر مودی سے اُن کی رہائش گاہ پر ملاقات کی۔ یہ میٹنگ بھارت کی جانب سے پاکستان اور پاکستان کے قبضے والے جموں و کشمیر میں دہشت گردوں کے مقامات پر حملے کے ایک دن بعد ہوئی ہے۔ جناب ڈوبھال نے کل دنیا بھر میں اپنے کئی ہم منصب سے رابطہ قائم کرکے پہلگام دہشت گردانہ حملے کے جواب میں دہشت گردوں کے بنیادی ڈھانچے کے خلاف کی گئی کارروائی پر بات چیت کی۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ بھارت کا کشیدگی کو بڑھانے کا کوئی ارادہ نہیں ہے لیکن اگر پاکستان اِسے بڑھائے گا تو بھارت اِس کا بھرپور جواب دینے کیلئے پوری طرح تیار ہے۔ x

**PUNJAB-OPERATION SINDOOR-AFERMATH**

پنجاب پولیس نے انتظامی اسباب کی بناء پر افسروں اور دیگر اہلکاروں کی تمام چھٹیاں فوری طور سے منسوخ کردی ہیں۔ پولیس ذرائع نے بتایا ہے کہ غیرمعمولی حالات میں ہی چھٹی دی جائے گی۔ اُدھر ریاست کے صحت محکمے کے اہلکاروں کو چوکس رکھا گیا ہے۔ انہیں ہدایت دی گئی ہے کہ وہ میڈیکل سے متعلق کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے دن رات دستیاب رہیں۔ x

**PAK BLAST**

پاکستان کے شورش زدہ صوبے بلوچستان میں دو الگ الگ حملوں میں پاکستانی فوج کے کم از کم 14 اہلکاروں کی موت ہوگئی۔ پہلا حملہ بولان ضلعے کے ماچ کے شورکند علاقے میں ہوا، جہاں ریموٹ کنٹرولڈ IED حملے میں فوجی قافلے کو نشانہ بنایا گیا۔ خبر کے مطابق اس طاقتور حملے میں سبھی 12 فوجیوں کی موت ہوگئی۔ مرنے والوں میں دو اسپیشل آپریشن کمانڈرز بھی شامل ہیں۔ اسی طرز کا دوسرا حملہ اسی دن کیچ ضلعے کے کُلاگ تگران علاقے میں ہوا۔ بلوچ لبریشن آرمی، BLA کے ترجمان جیاند بلوچ نے بیان جاری کرتے ہوئے دونوں حملوں کی ذمہ داری قبول کی ہے۔x

**JAISHANKAR-SAUDI MINISTER**

سعودی عرب کے خارجی اُمور کے وزیرِمملکت عادل الزبیر نے آج صبح نئی دلّی میں وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر سے ملاقات کی۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ انہوں نے دہشت گردی سے سختی سے نمٹنے کے بھارت کے نقطہ نظر سے انہیں آ گاہ کیا۔x

**FACT CHECK INDIAN DRONE**

حکومت نے پاکستان کی جانب سے چلائے جارہے مختلف سوشل میڈیا پلیٹ فارمس کے اُن دعوؤں کو خارج کیا ہے، جن میں پاکستان کے گوجراں والا میں ایک بھارتی ڈرون کی تصویر کو گرتے ہوئے دکھایا گیا ہے، جسے پاکستانی فوج نے نشانہ بنایا ہے۔ پریس انفارمیشن بیورو کے فیکٹ چیک یونٹ نے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ ان سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر دکھائی جارہی یہ تصویر 2022 میں یوکرین-روس جنگ سے لی گئی ہے۔x

**UTTARAKHAND HELICOPTER CRASH**

اتراکھنڈ میں چھ عقیدتمند ہلاک اور ایک اُس وقت زخمی ہوگیا، جب ایک ہیلی کاپٹر آج صبح اُترّکاشی ضلعے میں

Gangnani کے نزدیک حادثے کا شکار ہوگیا۔ یہ حادثہ اُس وقت ہوا، جب پرائیویٹ کمپنی کا یہ ہیلی کاپٹر دہرادون میں Sahastradhara ہیلی پیڈ سے Kharsali ہیلی پیڈ جارہا تھا۔ پائلٹ سمیت کُل سات افراد اِس میں سوار تھے۔ وزیرِ اعلیٰ پُشکر سنگھ دھامی نے اِس حادثے پر دکھ کا اظہار کیا ہے اور اس حادثے کی جانچ کرانے کا حکم دیا ہے۔ x

## IRAN FM VISIT

ایران کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عباس Aragchi بھارت کے دو روزہ دورے پر نئی دلی پہنچے ہیں۔ ڈاکٹر Aragchi بھارت اور ایران کے درمیان مشترکہ کمیشن کی 20 ویں میٹنگ کی مشترکہ طور پر صدارت کریں گے۔ وزارت خارجہ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ مشترکہ کمیشن کی میٹنگ بھارت-ایران دوستی سے متعلق معاہدے پر دستخط کئے جانے کے 75 سال مکمل ہونے کے موقع پر ہورہی ہے۔ اس میٹنگ میں دونوں ملکوں کے درمیان باہمی دلچسپی کے معاملات اور دو طرفہ تعلقات کو مستحکم کرنے کے طور طریقوں کا جائزہ لیا جائے گا۔x

## GADKARI-BIOENERGY SUMMIT

سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کے مرکزی وزیر نتن گڈکری نے آج کہا ہے کہ بھارت اِس وقت دنیا میں موٹر گاڑی تیار کرنے والا تیسرا سب سے بڑا ملک ہے۔ جناب گڈکری نے یہ بات نئی دلّی میں بایو انرجی Value Chain سے متعلق چوتھی بین الاقوامی BBB چوٹی میٹنگ اور ایکسپو سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے اِس بات کو بھی اجاگر کیا کہ ملک میں موٹرگاڑیوں کی صنعت لگاتار ترقی کررہی ہے۔ وزیرِ موصوف نے کہا کہ مختلف قسم کے Automobiles کی مانگ میں اضافہ ہوا ہے اور اِس کی وجہ سے فوصل ایندھن کی کھپت میں بھی اضافہ ہوگا۔ وزیر موصوف نے درآمدات کم کرنے اور برآمدات میں اضافہ کرنے کی ضرورت بھی زور دیا۔

اِس بات کا ذکر کرتے ہوئے کہ زراعت اقتصادی اعتبار سے بہت زیادہ نفع بخش نہیں ہے، جناب گڈکری نے ملک کی زراعت کو اقتصادی طور پر نفع بخش بنائے جانے کیلئے کوئی حل نکالے جانے پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ اِس کے بغیر بھارت ایک خود کفیل ملک نہیں بن سکتا۔ اِس دو روزہ چوٹی میٹنگ میں اعلیٰ افسران، ماہرینِ تعلیم، سائنسداں، Technocrats، صنعت کار ، محققین اور بایو انرجی صنعت کے فیلڈ ماہرین شرکت کررہے ہیں۔ x

## DELHI CABINET CLOUD SEDDING

دلّی حکومت نے فضائی آلودگی سے نمٹنے کیلئے تین کروڑ 21 لاکھ روپے کی لاگت سے کلاوَڈ سیڈنگ یعنی مصنوعی بارش سے متعلق پانچ آزمائشوں کی منظوری دی ہے۔ پہلی آزمائش اس سال مئی اور جون کے درمیان کئے جانے کا امکان ہے، جس کے

تحت، خاص طور سے دلّی کے مضافاتی علاقوں کے تقریباً 100 مربع کلو میٹر رقبے کا احاطہ کیا جائے گا۔ دلّی حکومت نے مطلع کیا ہے کہ اس مرحلے کے تحت کُل پانچ آزمائشیں کی جائیں گی۔×

**IMD-WEATHER**

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے آئندہ پانچ روز کے دوران ملک کے مشرقی، مغربی، وسطی اور شمال مشرقی حصوں میں ہلکی سے اوسط بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ 11 مئی تک مہاراشٹر، گجرات، مدھیہ پردیش، ودربھ اور چھتیس گڑھ میں ہلکی اور اوسط بارش ہونے کا امکان ہے۔ موسمیات کے محکمے نے کہا ہے کہ آج گجرات میں شدید بارش اور اتراکھنڈ میں ژالہ باری کی بھی پیشگوئی ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ آئندہ پانچ دنوں میں ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال، سکم، اڈیشہ، بہار اور جھارکھنڈ میں شدید گرمی کا قوی امکان ہے۔×

**IPL-CRICKET**

IPL ٹی ٹوینٹی کرکٹ میں آج شام دھرمشالہ کے ہماچل پردیش کرکٹ ایسوسی ایشن اسٹیڈیم میں پنجاب کنگس کا مقابلہ ڈیلی کیپٹلس سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے سے کھیلا جائے گا۔

کل ایڈن گارڈنس میں ایک دلچسپ میچ میں چنئی سپر کنگس نے کولکاتا نائٹ رائڈرس کو دو وکٹ سے ہرادیا۔×

**WORLD WAR-II ANNIVERSARY**

دوسری عالمی جنگ کے خاتمے کے 80 سال مکمل ہونے کے موقع پر آج پڈوچیری میں Bech Road کی جنگی یادگار پر گلدائرے رکھے جانے کی تقریب ہوئی۔ پڈوچیری کے ضلع کلکٹر Kulothungan اور پڈوچیری اور چنئی میں فرانسیسی قونصل خانے کی نمائندگی کرنے والے نائب قونصل جنرل Jean Philippe Huther نے پڈوچیری سرکار اور فرانس کی جانب سے گلدائرے رکھے۔ یہ تقریب اُن سپاہیوں کی یاد میں منعقد کی گئی، جنہوں نے دوسری عالمی جنگ کے دوران اپنی جانیں کھودیں۔ اُن کے احترام میں ایک منٹ کی خاموشی بھی اختیار کی گئی۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆